سوال

(83)ابلیس جن ہے یا فرشتہ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ابلیس فرشتوں میں تھا یا کہ پہلے ہی الگ تھا ؟ازراہِ کرم کتاب وسنت کی روشنی میں جواب دیں۔ جزاکم اللہ خیرا

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن مجید میں ہے : كَانَ مِنَ الْجِنِّ

''یعنی ابلیس جنوں سے تھا''۔

اس میں دو قول ہیں۔ بعض کہتے ہیں فرشتوں کی ایک جماعت ہے ان کو جن کہتے ہیں ،ابلیس ان سے تھا بعض کہتے ہیں زمینی جنوں سے تھا۔ پہلے قول کی بناء پر فرشتوں سے تھا۔ دوسرے قول کی بناء پر کثرت عبادت کی وجہ سے فرشتوں سے ملادیا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الایمان، مذاہب، ج1ص178

محدث فتویٰ